10 اپریل 2023ء

## مارچ 2023ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی پریس ریلیز

- مارچ 2023ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر میں 2.5 ارب ڈالر کی آمد ہوئی۔
- نمو کے لحاظ سے مارچ 23ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر میں ماہ بہ ماہ بنیادوں پر 27.4 فیصد اضافہ ہوا اور سال بسال بنیادوں پر 10.7 فیصد کمی درج کی گئی۔
- مالی سال 23ء کے ابتدائی نو مہینوں کے دوران ترسیلاتِ زر کی مد میں مجموعی طور پر 20.5 ارب ڈالر کی آمد ہوئی، جو گذشتہ برس کی اسی مدت کے مقابلے میں 10.8 فیصد کم ہے۔
- مارچ 2023ء میں موصول ہونے والی ترسیلاتِ زر کے اہم ذرائع میں سعودی عرب (563.9 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (406.7 ملین ڈالر)، برطانیہ (422 ملین ڈالر) اور امریکہ (316 ملین ڈالر) شامل ہیں۔

********